# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 06, 2023

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق طالب علم جناب راشد خان سے ملیے جنھوں نے اسرو کے شمسی اور قمری مشنوں میں اہم کردار ادا کیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق طالب علم راشد خان جو سرِ دست انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (اسرو) پپلاشن کمپلیکس تمل ناڈو میں بطور ایس ڈی سائنس داں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں انھوں نے اسرو کے پہلے شمسی مشن ادتیہ۔اول کے لانچ میں اہم کردار ادا کیا تھا۔وہ پی ایس ٹو اور پی ایس فور اسٹیج کے منظوری ٹسٹ میں جو کہ راکٹ پی ایس ایل وی۔سی ستاون میں استعمال ہوا تھا کافی سرگرم تھے۔

قابل ذکر ہے کہ راشد خان نے اسرو قمری مشنوں سے متعلق چندریان۔سوم مشن میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔اس مشن میں ان کی ذمہ داری کہ چودہ جولائی دو ہزار تیئیس کو ہونے والے چندریان مشن سوم میں مستعمل ایل وی ایم تھری۔ایم فور راکٹ کے لیے پروپیلنٹ ٹینک کی ایل ایک ایک دس اسٹیج (لیکوئیڈ پاپلوشن سسٹم) اور سی ٹوئنٹی فائیو اسٹیج (کرائیوجینک پپولشم سسٹم )منظوری ٹسٹ کرائیں۔اسرو کے مستقبل کے مشن جیسے کہ ہیومن اسپیس پروگرام (گنگیان مشن) وغیرہ کے لیے مستقبل میں ان کی ذمہ داریاں ہیں کہ الگ الگ مراحل کے راکٹوں کے ڈیزائن کوالیفی کیشن کریں۔

راشد خان نے جامعہ ملیہ اسلامیہ سے سال دو ہزار سترہ میں میکانیکل انجینیرنگ سے بی۔ٹیک مکمل کیا تھا۔ان کی کل ہند گیارہویں رینک آئی تھی اور دو ہزار سترہ ہی میں انھیں اسرو میں بطور سائنس داں منتخب کرلیا گیا تھا۔وہ سال دو ہزار اٹھارہ سے اسپیس آرگنائزیشن کے ساتھ کام کررہے ہیں۔

راشد خان کا تعلق صوبہ بہار کے چھوٹے گاؤں چھپرا سے ہے اور ان کے والدین جناب نور عالم خان اور محترمہ نور عائشہ پیشے سے استاد ہیں۔ان کا خواب تھا کہ وہ راشد کو اسرو میں بطور سائنس داں کام کرتا ہوا دیکھیں جسے ان کے ہونہار بیٹے نے سچ کر دکھایا ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی